کل نمبر: 25 | **اُردو (ہفتم) ٹیسٹ نمبر 1** | **وقت: 30 منٹ**

دوسرا مہینا، چوتھا ہفتہ، پانچواں دِن	**سلیبس**: دہرائی ٹیسٹ (چوتھا ہفتہ)

(حصہ اوّل)

سوال نمبر 1: درج ذیل میں سے دُرست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ **(13)**

1۔ ''مسلکی'' کا دُرُست تلفظ ہے:

(الف)	مَس۔ل۔کی	(ب)	م۔س۔لِکی	(ج)	مُ۔س۔لِ۔کی	(د)	تمام دُرُست

2۔ عابد خورشید صاحب کے مطابق.........افراد کے درمیان معمولی سی بات پر جھگڑا ہوا۔

(الف)	تین	(ب)	دو	(ج)	چار	(د)	پانچ

3۔ ہم ایک دوسرے کے ساتھ کیوں پیش نہیں آتے؟

(الف)	محبت اور پیار سے	(ب)	شفقت سے	(ج)	رواداری سے	(د)	صبر و تحمل سے

4۔ اِسلام کے نام پر قائم ہوا:

(الف)	عراق	(ب)	ایران	(ج)	ملائشیا	(د)	پاکستان

5۔ ہر کسی کو جینے کا حق ہے:

(الف)	اپنے عقائد ونظریات کے ساتھ	(ب)	اپنے عقائد کے ساتھ
(ج)	اپنی سوچ کے ساتھ	(د)	اپنی ہمت کے ساتھ

6۔ دنیا میں بڑی عالمی جنگیں ہو چکی ہیں

(الف)	پانچ	(ب)	دو	(ج)	چھے	(د)	ساتھ

7۔ اقوامِ متحدہ کا قیام عمل میں آیا:

(الف)	1943	(ب)	1944	(ج)	1945	(د)	1946

8۔ رواداری ایک قدر ہے:

(الف)	تعلیمی	(ب)	معاشی	(ج)	سیاسی	(د)	معاشرتی

9۔ ایک چیز یا شخص کو ظاہر کرنے والا اسم کہلاتا ہے:

(الف)	واحد	(ب)	جمع	(ج)	جمع سالم	(د)	تثنیہ

☆ **درج ذیل اشعار پڑھ کر سوال نمبر 10، 11، 12 اور 13 کے جواب دیں۔**

پاکستان اسلام کے نام پر وجود میں آیا۔ ہمارے مُلک کا آئین اقلیتوں کے تحفظ کو یقینی بناتا ہے۔ ہمارے وطن کے

جھنڈے میں سفید رنگ بھی اقلیتوں کی نمائندگی کرتا ہے لیکن بدقسمتی سے کچھ مُلک دُشمن عناصر ہمارے درمیان نفرت اور بدامنی کی فضا پیدا کرنے کے درپے رہتے ہیں۔ وہ اپنے مذموم مقاصد کے لیے ہمیں مذہب، مسلک، صوبائیت، لسانیت اور سیاست وغیرہ کے نام پر اشتعال دلانے اور لڑوانے کی تاک میں رہتے ہیں۔ ہمیں ایسے لوگوں کے جال میں نہیں پھنسنا بلکہ عقل اور تدبیر سے ان کا مقابلہ کرنا ہے۔

10۔ مندرجہ بالا پیراگراف کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(الف)	چچا چھکّن نے تصویر ٹانگی	(ب)	مذہب نہیں سکھاتا آپس میں بیر رکھنا
(ج)	کم سن شہید	(د)	مُلکی ترقی میں خواتین کا کردار

11۔ اقلیتوں کے تحفظ کو یقینی بناتا ہے:

(الف)	قانون	(ب)	آئین	(ج)	آرڈی ننس	(د)	عدالتی فیصلہ

12۔ ملک دشمن عناصر ہمیں اشتعال دلانے کی کوشش کرتے ہیں:

(الف)	مسلک کے نام پر	(ب)	صوبائیت کے نام پر
(ج)	لسانیت کے نام پر	(د)	الف، ب اور ج تینوں

11۔ جھنڈے میں سفید رنگ نمایندگی کرتا ہے:

(الف)	اکثریت کی	(ب)	تناسب کی	(ج)	اقلیتوں کی	(د)	برابری کی

حصہ دوم اور سوم میں سے ایک ایک سوال پوچھا جائے گا تمام سوالات لازمی ہیں ہر سوال کے 6 نمبر ہوں گے۔ (کل نمبر 12)

(حصہ دوم)

سوال نمبر 1: علم کے فائدے کے عنوان پر مضمون لکھیں۔

سوال نمبر 2: ''اتفاق میں برکت ہے'' کے عنوان پر کہانی لکھیں۔

(حصہ سوم)

سوال نمبر 1: موسم گرما کی تعطیلات میں لاہور کی سیر کے لیے سہیلی/دوست کے نام خط تحریر کریں۔

سوال نمبر 2: اللہ تعالیٰ نے آپ خاتم النبیین ﷺ کو لوگوں کے ساتھ کس طرح کا رویّہ اختیار کرنے کا کہا؟